دفتر افسر اعلی تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ آرسی اے سول سروسز کوچنگ پروگرام دو ہزار چھبیس ستائیس کے لیے داخلہ فارم جمع کرنے کی آخری تاریخ قریب آرہی ہے

New Delhi, May 11, 2026

رہائشی کوچنگ اکیڈمی (آرسی اے) سینٹر فار کوچنگ اینڈ کیریئر پلاننگ (سی سی سی پی) جامعہ ملیہ اسلامیہ تمام خواہش مند امیدواروں کو یاد دلانا چاہتی ہے کہ تعلیمی سال دو ہزار چھبیس ستائیس میں سول سروسز کوچنگ پروگرام میں داخلہ کے لیے فارم جمع کرنے کی آخری تاریخ چھبیس مئی دو ہزار چھبیس (منگل) ہے۔سول سروسز کوچنگ پروگرام میں داخلہ کے خواہش مند امیدواروں کو صلاح دی جاتی ہے کہ وہ تفصیلی اعلامیہ اور جامعہ ملیہ اسلامیہ کی سائٹ https://admission.jmi.ac.in/ پر دستیاب اہلیتی معیار سے متعلق قواعد وضوابط کو بغور پڑھیں اور اخیر وقت کی پریشانیوں سے بچنے کے لیے وقت رہتے درخواست دینے کا عمل پورا کرلیں۔

آرسی اے۔جامعہ ملیہ اسلامیہ نے لگاتار بہترین نتائج دیے ہیں اور خاص طور پر سال گزشتہ ان معنوں میں کافی اہم تھا کہ سول سروسز امتحانات دو ہزار پچیس اڑتیس امیدوار منتخب ہوئے تھے جس میں آرسی اے کے ٹاپ پانچ رینک ہولڈر اے آئی آر سات، چودہ، چوبیس، انتیس اور پچانوے رینک آرسی اے کے امیدواروں نے حاصل کی تھی۔اس کے علاوہ صوبائی سروسز، سینٹرل سروسز اور دیگر الائیڈ امتحانات میں بھی میں کئی امیدوار منتخب ہوئے تھے۔

مزید تفصیلات اور معلومات کے لیے امیدواروں کو آرسی اے کی آفیشیئل ویب سائٹ دیکھتے رہنا چاہیے۔

پروفیسر صائمہ سعید

افسر اعلی، تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ